اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

روزنامہ

الفضل

THE DAILY
ALFAZL, QADIAN.

ایڈیٹر غلام نبی

دارالامان قادیان

ٹیلیفون نمبر ۹۱

تار کا پتہ الفضل قادیان

یوم پنجشنبہ

جلد ۲۸ | ۲۱ - ماہ نبوت ۱۳۱۹ ہش | ۲۰ - شوال ۱۳۵۹ ھ | ۲۱ - نومبر ۱۹۴۰ ء | نمبر ۲۶۵

اسلام میں غیر مسلموں سے حُسنِ سلوک کی تعلیم

سندھ میں ہندو مسلم کش مکش نے آل انڈیا کانگرس کو اس درجہ متاثر کیا ہے۔ کہ کانگرس کے پریذیڈنٹ مولانا ابو الکلام آزاد کو خود سندھ جانا پڑا۔ اور انہوں نے کراچی کے ایک بہت بڑے مجمع میں تقریر کرتے ہوئے کہا:۔

"میں سندھ میں محض اس لئے آیا ہوں۔ کہ آپ کے دلوں کا دروازہ کھٹکھٹاؤں اور دیکھوں۔ کہ آپ ہندو مسلم اتحاد اور صوبہ کو قانون شکنی سے پاک کرنے کے معاملہ میں میری امداد کے لئے تیار ہیں۔ یا نہیں؟"

اس طرح ہندو مسلمانوں سے خطاب کرنے کے علاوہ آپ نے مسلمانوں کو خاص طور پر بھی مخاطب کیا۔ چنانچہ کہا:۔

"وہ اپنی ذمہ واری کا احساس کریں جو اکثریت میں ہونے کی وجہ سے اقلیتوں کے متعلق ان پر عائد ہوتی ہے"

چونکہ صوبہ سندھ میں مسلمان ۷۰ فیصدی ہیں۔ گو غربت اور فلاکت کی وجہ سے ان کی اکثریت اتنی مؤثر نہیں۔ جتنی ہونی چاہیئے۔ تاہم اس کے متعلق ذمہ واری سے بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔ اور ایک مسلمان لیڈر کا ان سے اس ذمہ واری کی ادائیگی کا مطالبہ کرنا ایک خوش کُن بات ہے۔ اگر یہی صورت ان صوبوں میں اختیار کی جاتی جہاں مسلمان سندھ کے غیر مسلموں سے بھی زیادہ اقلیت میں ہیں۔ مثلاً یوپی اور بہار وغیرہ میں۔ تو آج سندھ کے حالات کی اصلاح میں بہت مدد مل سکتی۔ لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ جب بھی ان صوبوں کے مسلمانوں کو اکثریت کے خلاف شکایات پیدا ہوئیں۔ اکثریت کو اقلیت کے متعلق ذمہ واری کا احساس کرانے کی کبھی کوشش نہ کی گئی۔ اور کسی غیر مسلم لیڈر نے یہ ضرورت محسوس نہ کی۔ کہ اپنے ہم مذہب لوگوں کو مخاطب کر کے اتفاق و اتحاد کی تلقین کرے۔ حالانکہ فرقہ وارانہ کش مکش دُور کرنے کا ایک نہایت مؤثر طریق یہ بھی ہے۔ کہ جن لوگوں کی طرف سے کسی معاملہ میں زیادتی سمجھی جائے۔ انہیں ان کے لیڈر ہی قائل کریں۔ اور اگر فی الواقعہ ان کا قصور ہو۔ تو انہیں عمدگی کے ساتھ سمجھائیں۔ مولانا ابو الکلام آزاد کا سندھ جانا۔ اور مسلمانان سندھ سے مخاطب ہونا اس لحاظ سے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے نہ صرف سیاسی لحاظ سے مسلم اکثریت کو غیر مسلم اقلیت کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی تلقین کی۔ بلکہ مذہبی لحاظ سے بھی نصیحت کی۔ چنانچہ آپ نے کہا:۔

"اسلام انسانوں اور بالخصوص بے گناہوں کے قتل کی اجازت نہیں دیتا" (پرتاپ ۱۵ - نومبر)

اس پر ہم یہ اضافہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ کہ یہی نہیں۔ بلکہ اسلام تمام انسانوں سے حسن سلوک کی تعلیم دیتا ہے۔ پس جبکہ اسلام کی یہ تعلیم ہے۔ تو کوئی وجہ نہیں۔ کہ مسلمان دوسرے تمام انسانوں کے ساتھ خواہ وہ کسی مذہب و ملت کے ہوں۔ محبت اور پیار کا سلوک نہ کریں۔

دراصل عام مسلمانوں کا اس بارے میں کوئی قصور نہیں۔ کیونکہ انہیں نہ صرف علماء کہلانے والوں نے اسلام کی نہایت ہی پر امن اور محبت خیز تعلیم سے ناواقف رکھا۔ بلکہ اس کے خلاف یہ بتایا۔ کہ غیر مسلموں کو لوٹنا۔ مارنا جائز ہے۔ اور اس طرح نہ صرف اسلام کو بدنام کیا۔ بلکہ مسلمانوں کو بھی سخت نقصان پہونچایا۔ ضرورت ہے۔ کہ اس قسم کے خیالات کی پُر زور تردید کی جائے۔

گاندھی جی کا ناقابلِ فہم عدم تشدد

بنارس کے ایک سرکردہ ہندو ڈاکٹر بھگوان داس صاحب نے اپنے آپ کو گاندھی جی کے عقیدت مندوں میں شمار کرتے ہوئے لکھا ہے۔ کہ اہنسا کا ٹھیک ٹھیک مطلب گاندھی جی کے بھگتوں کی سمجھ میں بھی نہیں آتا۔ لیکن معلوم ایسا ہوتا ہے۔ کہ خود گاندھی جی بھی اس کا مطلب پوری طرح نہیں سمجھتے۔ ایک دفعہ انہوں نے گائے کے ایک تڑپتے ہوئے بچھڑے کو گولی مار کر ہلاک کر دینے کا حکم دے دیا تھا ایک دفعہ احمد آباد میں بندروں کی یورش کے بہت تکلیف دہ ہو جانے پر ان کے مارنے کی اجازت دے دی تھی۔ پھر راجکوٹ کے مقابلہ پر گاندھی جی نے جو برت رکھا تھا۔ اسے خود تشدد قرار دے چکے ہیں۔

جب اہنسا کے متعلق گاندھی جی کا اپنا رویہ یہ ہو۔ تو کوئی اور اسے کس طرح سمجھ سکتا ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نمبر	نام و پتہ	رقم
۴۳۸	چوہدری مولا بخش صاحب چنیوٹ والا کلکتہ	۵/۱۲
۴۳۹	ملک ستار بخش صاحب ایم اے داؤد خیل	۷۶/-
۴۴۰	〃 〃 حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم	۱۰/-
۴۴۱	ماسٹر فضل الرحمٰن صاحب سالم سرگودھا	۵/۸
۴۴۲	شیخ محمد عبد اللہ صاحب سالم 〃	۵/۱
۴۴۳	میاں بدر الدین صاحب پٹواری سالم 〃	۶/۴
۴۴۴	مولوی محمد ابراہیم صاحب ٹیچر خوشاب	۱۰/۲
۴۴۵	ملک آدم خاں صاحب جابہ	۵/۱
۴۴۶	ملک بہادر خاں معہ اہلیہ و بچگان گہروٹ	۲۸/-
۴۴۷	میاں عبد الحکیم صاحب خوشاب	۵/۲
۴۴۸	محمد نذیر صاحب حکیم سرگودھا	۴/۴
۴۴۹	حافظ ابی ذر صاحب خوشاب	۵/-
۴۵۰	منشی مہدی شاہ صاحب مڈھ رانجھا	۵/۹
۴۵۱	شیخ مولا بخش صاحب 〃	۵/۵
۴۵۲	شیخ قادر بخش صاحب کوٹ مومن	۵/۴
۴۵۳	چوہدری عطاء اللہ صاحب بی اے چک ۳۵ ج ب	۳۰/-
۴۵۴	〃 علی محمد صاحب گوندل چک ۹۹ شمالی	۵/۸
۴۵۵	منشی حمید احمد صاحب 〃 〃	۶/۸
۴۵۶	حسین بی بی والدہ چوہدری سلطان احمد صاحب 〃	۶/۱۰
۴۵۷	چوہدری احمد الدین صاحب چک ۹۹ شمالی سرگودھا	۶/۲
۴۵۸	شیخ عبد الغنی صاحب 〃 〃 〃 〃	۵/۱
۴۵۹	غلام احمد صاحب 〃 〃 〃	۵/۱
۴۶۰	ملک غلام نبی صاحب چک ۹۸ 〃 〃	۶/-
۴۶۱	چوہدری پیر احمد صاحب 〃 〃 〃	۵/۳
۴۶۲	〃 محمد شریف صاحب 〃 〃 〃	۵/۵
۴۶۳	〃 فتح علی صاحب 〃 〃 〃	۲۱/۴
۴۶۴	ملک برکت علی صاحب 〃 〃 〃	۵/۶
۴۶۵	ملک خدا یار صاحب پٹواری 〃 〃 〃	۵/۵
۴۶۶	غلام احمد صاحب نمبردار 〃 〃 〃	۵/-
۴۶۷	چوہدری غلام حسین صاحب 〃 〃 〃	۳۵/-
۴۶۸	سردار بی بی بنت تاجدین صاحب مرحوم ادرحمہ	۵/۳
۴۶۹	میاں محمد سعید صاحب 〃	۵/-
۴۷۰	〃 عبد المجید صاحب 〃	۵/-
۴۷۱	ملک ولایت خاں اڈیٹر مستوطن تیغی تانہ ایران	۵/۱۰
۴۷۲	دوست محمد صاحب بیلدار شاہ پور	۶/۴
۴۷۳	ماسٹر امام بخش صاحب چک ۵۸ شمالی	۳۴/-
۴۷۴	ملک عطاء اللہ صاحب پنشنر گجرات	۱۳/۲
۴۷۵	سعید احمد صاحب بٹ 〃	۵/۱۲
۴۷۶	ماسٹر نذیر عالم صاحب معہ اہلیہ باہڑ بانوالی گجرات	۳۵/۸
۴۷۷	ملک محمد بوٹا صاحب شیخ پور گجرات	۶/-
۴۷۸	اہلیہ صاحبہ میر حمید اللہ صاحب 〃 〃	۶/-
۴۷۹	عبد الکریم صاحب تہال 〃	۵/۴
۴۸۰	بابا اللہ لوک صاحب 〃 〃	۷/۴
۴۸۱	مستری نور الدین صاحب آرہ 〃	۵/۴
۴۸۲	غلام محی الدین صاحب کھاریاں 〃	۵/۹
۴۸۳	بشارت احمد صاحب از کھاریاں متورہ کراچی	۵/۸
۴۸۴	چوہدری فضل داد صاحب رئیس دھوریہ گجرات	۵/۶
۴۸۵	محمد عالم صاحب چک سکندر 〃	۵/۶
۴۸۶	منشی غلام محمد صاحب شاہ دیوال 〃	۵/-
۴۸۷	جمعدار فیروز الدین صاحب کالرہ دیوان سنگھ	۱۱۱/-
۴۸۸	بابو عزیز الدین صاحب 〃 〃 〃	۳۵/-
۴۸۹	〃 نواب علی صاحب 〃 〃 〃	۲۶/-
۴۹۰	فتح محمد صاحب ولد احمد یار صاحب گولیکی	۵/۱
۴۹۱	سردار خاں ولد کرم الدین صاحب 〃	۵/-
۴۹۲	پیر فیض عالم صاحب جھبورانوالی	۵/-
۴۹۳	نذیر احمد صاحب ڈنگہ گجرات	۱۰/۸
۴۹۴	چوہدری محمد ابراہیم صاحب معہ اہل و عیال سمالیہ	۲۰/۴
۴۹۵	〃 بشیر احمد صاحب 〃 〃 〃 〃	۵/۵
۴۹۶	〃 سلطان احمد صاحب 〃 〃	۵/۴
۴۹۷	〃 عبد اللہ صاحب 〃 〃	۵/۳
۴۹۸	غلام حیدر صاحب جھبانوالی متوطن ضلع گجرات	۵/۱۰
۴۹۹	ڈاکٹر اعظم علی خاں صاحب } گوہ وال 〃	
۵۰۰	معہ بچگان و والدین }	۷۵/-
۵۰۱	بابو غلام رسول صاحب معہ اہلیہ منڈی بہاء الدین	۲۸/-
۵۰۲	چوہدری غلام حسین صاحب جہلم	۱۱/-
۵۰۳	امۃ اللہ جان صاحبہ 〃	۵/-
۵۰۴	قاضی عبد الرحمٰن صاحب دوالمیال جہلم	۵/۸
۵۰۶	مولوی فتح علی صاحب 〃 〃	۵/۲
۵۰۷	عبد اللہ خاں صاحب دوکاندار 〃 〃	۶/۲
۵۰۸	ماسٹر عطاء الرحمٰن صاحب سائنس ماسٹر چکوال	۳۲/-
۵۰۹	مستری حسن الدین صاحب بوچھال کلاں 〃	۴/-
۵۱۰	میاں فیروز الدین صاحب 〃 〃	۶/-
۵۱۱	محمد الدین صاحب 〃 〃	۵/-
۵۱۲	احمد الدین صاحب 〃 〃	۵/-
۵۱۳	چوہدری اللہ داد خاں صاحب سنگھوئی	۱۰/۱۲
۵۱۴	بابا محمد اسمٰعیل صاحب معتبر نوشہرہ چھاؤنی	۴۲/-
۵۱۵	سیٹھ کریم بھائی صاحب راولپنڈی	۱۰/-
۵۱۶	بابو محمد عبد اللہ خاں صاحب آر سی نوشہرہ چھاؤنی	۱۲۱/-
۵۱۷	چوہدری محمد اختر صاحب راولپنڈی	۱۲/۴
۵۱۸	میاں عبد الحق صاحب راہہ 〃	۲۰/-
۵۱۹	قریشی محمد حسین صاحب کہوٹہ 〃	۵/۵
۵۲۰	سید فرزند علی شاہ صاحب 〃	۳۶/۱
۵۲۱	ماسٹر عبد الرحمٰن صاحب خاکی مری	۴۱/-
۵۲۲	بابو اللہ بخش صاحب کیمل پور	۵۰/-
۵۲۳	چوہدری حمید اللہ خاں صاحب سب جج پٹھانکوٹ	۸۴/-
۵۲۴	مرزا غلام سرور خاں صاحب کوٹلہ مغلاں ڈیرہ غازیخاں	۵/۸
۵۲۵	سردار غلام محمد خاں صاحب شادن لنڈ 〃	۵/۵
۵۲۶	〃 عبد القادر خاں صاحب 〃 〃	۵/۵
۵۲۷	بشیر احمد خاں متعلم جام پور 〃 〃	۵/۱۰
۵۲۸	ماسٹر علی محمد صاحب ہیڈ ماسٹر چونی 〃	۱۰/۱۲
۵۲۹	بابو طفیل محمد صاحب گارڈ کالا باغ	۲۷/-
۵۳۰	ملک غلام نبی صاحب دریا خاں میانوالی	۳۱/-
۵۳۱	ڈاکٹر بشیر احمد صاحب سلطان خیل میانوالی	۴۰/-
۵۳۲	صوفی غلام محمد صاحب معہ اہلیہ ٹانک بنوں	۱۳۰/-
۵۳۳	بابو خواص خاں صاحب پشاور	۴۶/-
۵۳۴	مرزا شمس الدین صاحب 〃	۷۶/-
۵۳۵	چوہدری محمد کرامت اللہ صاحب 〃	۸۶/-
۵۳۶	مرزا محمد عظیم صاحب 〃	۱۰/۸
۵۳۷	مرزا رمضان علی صاحب 〃	۶/۸
۵۳۸	مبارک احمد صاحب 〃	۵/-
۵۳۹	ڈاکٹر سید عبد الوحید صاحب شیرواں سرحد	۱۲۰
۵۴۰	مرزا محمد ہاشم صاحب پٹواری مردان	۶/۸
۵۴۱	میاں محمد احسن صاحب مردان	۳۵/۴
۵۴۲	〃 غلام حسین صاحب اوورسیر 〃	۲۶۰/-
۵۴۳	صوبیدار خوشحال خاں صاحب سینی ٹوپی	۱۱/-
۵۴۴	اہلیہ ڈاکٹر محمد رمضان صاحب ٹل سرحد	۱۰/-
۵۴۵	چوہدری سلطان علی صاحب ڈیرہ اسمٰعیل خاں	۵۰/-
۵۴۶	خاں عبد الحمید خاں صاحب پشاور	۵۰/-
۵۴۷	بابو سردار احمد صاحب زیرہ	۱۸/-
۵۴۸	بابو عبد الغفور صاحب پارہ چنار	۱۵/-
۵۴۹	مستری عبد الغفور صاحب چترال	۵/-
۵۵۰	غلام سرور صاحب سورخشکی پشاور	۲۰/-
۵۵۱	اخوند عبد القادر صاحب ایم اے قادیان	۷/-
۵۵۲	اہلیہ صاحبہ ملک فضل احمد صاحب ملتان	۶/۳
۵۵۳	بابا غلام رسول صاحب 〃	۱۸/-
۵۵۴	میاں سراج الدین صاحب ڈیرہ غازیخاں	۵/۲
۵۵۵	منشی محمد بخش صاحب ملتان	۲۱/-
۵۵۶	غلام محمد خاں صاحب 〃	۶/-
۵۵۷	حسن محمد صاحب پٹواری نہر 〃	۵/-
۵۵۸	چوہدری حق نواز صاحب چک ۳۶/۶ دنیاپور	۶/۴
۵۵۹	〃 عبد الرحمٰن صاحب چک ۳۶/۶ دنیاپور ملتان	۶/۱۲
۵۶۰	مستری عبد الخالق صاحب لودھراں 〃	۵/۸
۵۶۱	شیخ محمد رمضان صاحب محمد بشیر صاحب 〃	۶/۴
۵۶۲	منشی محمود خاں و محمد منظور احمد لودھراں 〃	۵/-
۵۶۳	ملک غلام محمد صاحب کبیر والہ 〃	۴۱/-
۵۶۴	حکیم محمد یعقوب شاہ صاحب دہاڑی منڈی 〃	۲۷/-
۵۶۵	اہلیہ صاحبہ چوہدری فقیر اللہ خاں صاحب میاں چنوں 〃	۵/-
۵۶۶	مولوی نور محمد صاحب اوورسیر علی پور مظفر گڑھ	۱۱/۶
۵۶۷	غلام احمد صاحب قانونگو 〃	۱۸/-
۵۶۸	اخوند اقبال محمد خاں صاحب 〃	۵/-
۵۶۹	واحد بخش صاحب گینگ مین ملتان	۵/۱۲
۵۷۰	شیخ محمد نذیر صاحب فاروقی بہاول نگر	۳۵/-
۵۷۱	〃 محمد عباس صاحب پٹواری 〃	۱۵/۴
۵۷۲	عبد الرحمٰن صاحب ٹھیکیدار	
۵۷۳	بنگلہ شہباز پورہ سہارن پور	۵/۲
۵۷۴	سید فضل محمد شاہ صاحب چک ۱۶۶ امداد بہاولپور	۶/۴
۵۷۵	چوہدری برکت علی صاحب 〃 〃	۶/۶
۵۷۶	مولوی امیر الدین صاحب 〃 〃 〃	۵/-
۵۷۷	چوہدری محمد خاں صاحب چک ۱۶۶ مراد بہاولپور	۷/۱۲
۵۷۸	〃 غلام قادر صاحب چک ۱۶۰ 〃	۷/-
۵۷۹	〃 محمد صادق صاحب چک ۱۵۲ ع ب بکراہ 〃	۵/۱۲
۵۸۰	حافظ نور الہٰی صاحب بہاول نگر	۷۰/-
۵۸۱	محمد صدیق صاحب چک ۱۰۶ 〃	۵/۲
۵۸۲	چوہدری نصر اللہ خاں صاحب منٹگمری	۱۵/۲
۵۸۳	اہلیہ صاحبہ ماسٹر محمد یوسف علی صاحب چک ۱۳۴ / ۹L	۶/-
۵۸۴	چوہدری رشید احمد خاں صاحب منٹگمری	۴۰/-
۵۸۵	بابو فیض احمد صاحب 〃	۱۰/-
۵۸۶	صوبیدار میجر اللہ بخش صاحب نمبردار چک ۲/۱۵ FR	۵۰/-
۵۸۷	ماسٹر عبد الرحمٰن صاحب ہیڈ ماسٹر اوکاڑہ منڈی	۶/-
۵۸۸	چوہدری غلام حیدر صاحب چک ۵۵ ع ل ۱	۵/-
۵۸۹	منشی گل محمد صاحب مدرس چک ۱۲ ع مبارک [illegible]	۸/-
۵۹۰	چراغدین صاحب معہ اہلیہ عارف والا	۱۲/-
۵۹۱	سردار سیف اللہ خاں صاحب معہ والدہ و اہلیہ صاحبہ پتوکی	۲۱/۱۲
۵۹۲	ڈاکٹر امتیاز حسین صاحب پاکپٹن	۲۱/-
۵۹۳	چوہدری محمد ابراہیم صاحب پٹواری پاکپٹن	۲۰/۱
۵۹۴	احمد الدین صاحب زرگر 〃	۵/-
۵۹۵	چوہدری فضل الہٰی صاحب معہ اہلیہ دیپالپور	۵۸/۴
۵۹۶	〃 محمد عبد اللہ صاحب ڈسپنسر صدر گوگیرہ	۵/۴
۵۹۷	ڈاکٹر فضل کریم صاحب ہڑپہ معہ اہلیہ قادیان	۵۲/-
۵۹۸	منشی رحمت علی صاحب رینالہ خورد منٹگمری	۵/۲
۵۹۹	حافظ عبد الرحمٰن صاحب حویلی 〃	۳۰/۸
۶۰۰	رحمت الہٰی صاحب چیچہ وطنی 〃	۱۵/۴
۶۰۱	دختران حافظ عبد الرحمٰن صاحب حویلی 〃	۵/۴
۶۰۲	عبد الغنی صاحب چیچہ وطنی 〃	۵/-
۶۰۳	شیخ نیاز محمد صاحب ڈسپنسر بنگلہ نہر اکانوالہ 〃	۱۰/۸
۶۰۴	اہلیہ صاحبہ سید پیر احمد صاحب ہوشیارپور	۹/۱
۶۰۵	ملک مہر الدین صاحب سرگودھا 〃	۵/۴
۶۰۶	چوہدری احمد علی خاں صاحب 〃 〃	۶/-
۶۰۷	ڈاکٹر چوہدری طفیل محمد خاں صاحب	
۶۰۸	معہ اہلیہ صاحبہ مونہ ڈپو	۴۸/-
۶۰۹	شیخ رحمت اللہ صاحب ماہل پور	۵/۲
۶۱۰	چوہدری دولت خاں صاحب سیکرٹری مال کاٹھ گڑھ	۵/۶
۶۱۱	ہدایت خاں صاحب کاٹھ گڑھی دربان قادیان	۵/-
۶۱۲	ملک غلام رسول صاحب شوق ایم اے دھرم سالہ	۳۰۵/-
۶۱۳	استانی جنت النساء بیگم صاحبہ گڑھ شنکر	۱۱/-
۶۱۴	بابو عبد الواحد صاحب معہ اہلیہ جالندھر	۴۰/-
۶۱۵	میاں عبد الواحد صاحب کنسٹیبل پولیس 〃	۱۰/۴
۶۱۶	حافظ محمد عبد اللہ صاحب ہیڈ ماسٹر معہ اہلیہ تلونڈی	۴۶/-
۶۱۷	میاں عمر الدین صاحب بنگہ	۵/۵
۶۱۸	میاں غلام رسول صاحب لنگیری	۵/-
۶۱۹	عبد الحمید صاحب گاجی کوٹ سندھ	۱۳/-

(باقی دارد)

خاکسار
برکت علی خاں
فنانشل سیکرٹری تحریک جدید

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہندوستان اور ممالک غیر کی خبریں

لاہور ۸ نومبر - معلوم ہوا ہے۔ ستیہ گرہ کے سلسلہ میں پنجاب کی طرف سے ۱۴ سو نام گاندھی جی کو بھیجے جا چکے ہیں۔ ۲۹ نومبر کو مسٹر آصف علی ایم ایل اے (مرکزی) ستیہ گرہ کریں گے۔ مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی ۲۰ نومبر کو یا اس کے قریب کسی اور تاریخ کو ستیہ گرہ کریں گے۔

لنڈن ۸ نومبر - بخارسٹ سے آمدہ اطلاعات مظہر ہیں۔ کہ آج پھر رومانیہ میں زلزلہ کے جھٹکے محسوس کئے گئے۔ جن سے تیل کے کارخانوں کو نقصان پہنچا اور بہت سے مکانات تباہ ہوئے۔

بلسلے ۸ نومبر - برلن سے آمدہ ایک اطلاع مظہر ہے۔ کہ یونان کے آٹھ ہزار جرمن نوآبادکاروں کی واپسی کے انتظامات مکمل ہو گئے ہیں۔ جرمنوں کی یونان سے واپسی کو بہت بڑی اہمیت دی جا رہی ہے۔

لنڈن ۸ نومبر - جاپان نے سیام کو ایک طرح کا الٹی میٹم دیا ہے۔ کہ اس نے ہند چینی پر حملہ کیا۔ تو جاپان اس کے خلاف سخت کارروائی کرے گا۔ جاپان کی طرف سے پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے کہ امریکہ سیام کو ہند چینی پر حملہ کے لئے اکسا رہا ہے۔

لنڈن ۸ نومبر - جرمنی نے اعلان کیا ہے۔ کہ ترکی سے متعدد جرمن باشندے واپس بلا لیے گئے ہیں۔ جرمنی کا یہ اعلان ظاہر کرتا ہے۔ کہ ترکی اور جرمنی کے اختلافات بڑھ رہے ہیں۔

لنڈن ۸ نومبر - پارلیمنٹ کے اپوزیشن لیڈر مسٹر آرتھر گرین ووڈ نے تقریر کرتے ہوئے اعلان کیا۔ کہ جرمنی کی صنعت کو ہوائی حملوں سے برطانیہ کے مقابلہ میں پچاس گنا زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ آپ نے کہا کہ اس ملک پر عموماً اور لنڈن۔ کونٹری۔ برمنگھم۔ اور لورپول وغیرہ علاقوں پر خصوصاً نہایت تند و تیز حملے ہوئے ہیں۔ لیکن ان سے جو نقصان ہوا وہ دشمن کے مقابلہ میں کچھ بھی نہیں۔ ہم جرمن عوام کو ہلاک کرنا نہیں چاہتے بلکہ اس طاقت کے سرچشمہ پر ضرب لگانا چاہتے ہیں جو ہلاکت کا منبع ہے۔

میڈرڈ ۸ نومبر - جنرل فرانکو نے سپین سے امریکن نامہ نگاروں کے اخراج کا جو حکم دے رکھا تھا وہ امریکن سفیر کی درخواست پر واپس لے لیا گیا ہے

وشی ۸ نومبر - آج فرانس اور جرمنی میں کرنسی کے تبادلہ کے متعلق ایک معاہدہ طے پایا۔ جس پر فرانس کی طرف سے ایم لاول نے دستخط کئے۔

عدن ۸ نومبر - یہاں ایک براڈکاسٹنگ سٹیشن قائم کیا گیا ہے۔ یہاں سے عربی فرانسیسی اطالوی اور صومالی زبانوں میں پروگرام اور خبریں نشر کی جائیں گی۔

قاہرہ ۸ نومبر - مصری اخبارات نے سنگاپور کے مسلمانوں کا ایک پیغام شائع کیا ہے۔ جس میں اسلامیان مصر کو سارے مسلمانوں کی طرف سے مسولینی کے خلاف ہر طرح کی امداد کا یقین دلایا گیا ہے

لنڈن ۹ نومبر - جاپان کی خبر رساں ایجنسی نے اطلاع دی ہے کہ انڈو چائنا اور سیام میں لڑائی شروع ہو گئی ہے۔

انقرہ ۹ نومبر - اگلی جمعرات سے ترکی کے تمام شہروں اور دیہات میں رات کے وقت اندھیرا رکھا جائے گا۔

لنڈن ۹ نومبر - کل رات دشمن کے ہوائی جہازوں نے برطانیہ پر کوئی بڑا حملہ نہیں کیا۔ البتہ شمالی انگلستان پر حملہ ہوا۔ مگر نقصان بہت معمولی ہوا۔ اس کے مقابلہ میں حسب معمول آج بھی انگریزی ہوائی جہاز جرمنی میں جا دھمکے جن اہم مقامات پر انہوں نے گولہ باری کی۔ ان میں ایک تیل کا ذخیرہ بھی ہے جو جرمنی کے عین وسط میں واقع ہے۔ دن کے وقت جرمنی کے کنارہ پر ہوائی لڑائی ہوئی جس میں ایک جرمن ہوائی کشتی کھیت رہی۔

لنڈن ۹ نومبر - کینیڈا کے ہائی کمشنر نے ایک اعلان کے ذریعہ بتایا ہے۔ کہ لڑائی جیتنے کے لئے کینیڈا نے اب تک کیا کیا ہے۔ اس نے بتایا کہ گذشتہ لڑائی میں جس قدر ہمارے پاس فوج تھی۔ اس سے بہت زیادہ فوج اس وقت ہمارے پاس ہے۔ اسی طرح ستمبر ۳۹ء سے لڑائی کے کاموں پر کینیڈا جو رقم خرچ کر چکا ہے۔ وہ اس سے بہت زیادہ ہے۔ جو گذشتہ جنگ میں چار سال کے عرصہ میں خرچ ہوئی تھی۔

لنڈن ۹ نومبر - مارشل پیٹان یہ چاہتے ہیں۔ کہ اٹلی اور جرمنی کے ساتھ صلح کی تجاویز پر غور کیا جائے۔ اور فرانس میں ڈکٹیٹر شپ قائم کی جائے۔ مگر یہ نہیں کہا جا سکتا۔ کہ اس کے بعد بھی وہ جرمنی اور اٹلی کے ظلم سے اپنے ملک کو بچا سکیں گے یا نہیں۔ جرمنی اور اٹلی جن شرائط پر صلح کرنا چاہتے ہیں۔ ان کا اندازہ صرف اسی امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ مفتوحہ فرانس سے جرمنی نے پہلے ۵۰ فیصدی ریل گاڑیوں کا اپنے لئے مطالبہ کیا تھا اور اب نازی افسر یہ کہتے ہیں کہ انہیں پیرس سے مارسیلز تک کا رستہ بھی دے دیا جائے۔ نازی اسی طریق پر شرائط پیش کرتے اور آخر دوسرے ممالک کی آزادی بالکل سلب کر لیتے ہیں۔

ٹوکیو ۹ نومبر - جاپان میں کل رات زلزلہ آیا۔ مغربی اضلاع میں بہت سے مکانات گر گئے۔ مگر نقصان زیادہ نہیں ہوا۔

نئی دہلی ۹ نومبر - آج نئی دہلی میں کونسل آف سٹیٹ کا اجلاس شروع ہوا۔ بعض سوالات کا جوابات دیتے ہوئے بتایا گیا۔ کہ اس وقت تک ہندوستان کے بارہ ہوا باز لڑائی پر بھیجے جا چکے ہیں۔ یہ بھی کہا گیا کہ ہوا بازی کی ٹریننگ کے لئے دو سکول کھولے گئے ہیں اور سکیم یہ بنائی گئی ہے۔ کہ دو سال میں چھ سو ہوا باز تیار کئے جائیں۔ ابتدائی ٹریننگ کے لئے ۶۲۰ امیدوار منتخب کئے جائیں گے۔

نئی دہلی ۹ نومبر - گورنمنٹ آف انڈیا کے سپلائی ڈیپارٹمنٹ کو مالٹا سیلون اور مشرق وسطیٰ سے ایسے سامان تیار کرنے کے آرڈر موصول ہوئے ہیں۔ جن کی بالعموم انجنیئروں کو ضرورت رہتی ہے۔ ہندوستان آج کل ہوائی بیڑے کے لئے چھوٹے ہتھیار اور گولہ بارود تیار کرنے میں مصروف ہے

نئی دہلی ۹ نومبر - مہاراجہ صاحب بھاؤنگر نے ایک شکاری جہاز کے لئے پانچ ہزار روپے گورنمنٹ آف انڈیا کو دیئے ہیں۔

واشنگٹن ۹ نومبر - امریکہ نے اس خبر کی تردید کی ہے۔ کہ برطانیہ اور یونائیٹڈ سٹیٹس دونوں سیام پر زور دے رہے ہیں کہ وہ جاپان سے سمجھوتہ کر لے

بلغراد ۹ نومبر - آج یوگوسلاویہ کے ایک شہر پر بعض ہوائی جہاز اڑتے دکھائی دیئے۔ جنہوں نے اس مضمون کے اشتہار پھینکے۔ کہ لوگوں کو گورنمنٹ کے خلاف بغاوت کر دینی چاہیئے یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ یہ ہوائی جہاز کس ملک کے تھے۔

لنڈن ۹ نومبر - جرمنی اور اٹلی وی آنا میں سیاسی داؤ پیچ کھیل رہے ہیں چنانچہ ہنگری کے وزیر اعظم اور وزیر خارجہ عنقریب وی آنا پہنچ جائیں گے کیونکہ جرمن گورنمنٹ نے انہیں بلایا ہے

لنڈن ۹ نومبر - بلغاریہ کے بادشاہ جو ہوائی جہاز سے ہٹلر کی ملاقات کے لئے گئے تھے۔ واپس اپنے دارالخلافہ میں پہنچ گئے ہیں۔ یہ معلوم نہیں ہو سکا۔ کہ ان کی ہٹلر سے کیا گفتگو ہوئی ہے۔

لنڈن ۹ نومبر - ایتھنز کی ایک اطلاع مظہر ہے۔ کہ یونانی اطالویوں کو برابر پیچھے دھکیلتے جا رہے ہیں۔ کورٹزا کے علاقہ میں اطالویوں نے ہوائی حملہ کیا مگر یونانیوں نے انہیں مار بھگایا۔ یوگوسلاویہ کی خبر ہے۔ کہ یونانی فوجوں نے کورٹزا پر قبضہ کر لیا ہے۔ مگر یونان سے ابھی اس خبر کی تصدیق نہیں ہوئی۔ ادھر تو یونانی بعض اطالوی فوجوں کو پیچھے ہٹا رہے ہیں اور ادھر انگریزی جہاز اطالوی مورچوں پر بمباری کر رہے ہیں۔

لنڈن ۹ نومبر - لیبیا میں بن غازی اور طبروق پر انگریزی جہازوں نے خوب گولہ باری کی اور تیل کی ٹینکیوں کو بڑا نقصان پہنچایا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صنعت و حرفت

ہندوستان میں تیل سازی کی صنعت

مختلف قسم کے پھولوں۔ پھلوں۔ بیجوں اور جڑی بوٹیوں سے تیل نکالنے کی صنعت ہندوستان میں بہت قدیم سے ہے۔ اور یہ ایک حقیقت ہے۔ کہ جیسے نفیس تیل اس ملک میں کبھی تیار کئے جاتے تھے اور بشرط کوشش آج کل بھی تیار کئے جا سکتے ہیں۔ ان کا جواب کسی دوسرے ملک میں دستیاب ہونا دشوار ہے۔

ان تیلوں میں بعض تو ایسے ہیں جن میں غذائیں پکا کر کھائی جاتی ہیں۔ بعض سر میں ڈالے جاتے ہیں۔ اور بعض کی حیثیت محض طبی ہوتی ہے۔ غذا کے طور پر جو تیل استعمال کئے جاتے ہیں۔ ابھی ان کی صنعت میں کوئی خاص فرق نہیں پڑا۔ کیونکہ ہندوستان کے جن کروڑوں باشندوں کو گھی اور مکھن وغیرہ استعمال کرنے کی استطاعت نہیں وہ بدستور اپنے ملک کے کولہوؤں میں تیار شدہ تیل استعمال کرنے پر مجبور ہیں لیکن خوشبودار ادویات کے طور پر استعمال کئے جانے والے تیلوں کی صنعت ضرور انحطاط پذیر ہو رہی ہے۔ خوشبودار تیلوں کے زوال کا سبب کچھ تو ہندوستانیوں کا روز افزوں افلاس ہے۔ کہ جب پیٹ کو روٹی ہی نصیب نہ ہو تو عطریات اور تیلوں کی خریداری کے لئے روپیہ کہاں سے آئے؟ اور کچھ مغربی ممالک سے سینکڑوں قسم کے ارزاں سینٹوں اور ایسنسوں کی مقدار کثیر درآمد ہے۔ جن کا مقابلہ ہندوستانی کاریگروں کے لئے مشکل ہے۔ جڑی بوٹیوں سے جو تیل ہندوستان میں تیار کئے جاتے ہیں۔ ان کے کاریگر بھی مشینری کے موجودہ دور ترقی میں یورپین اور امریکن صناعوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ مغربی ممالک میں ادویہ کے لئے جو تیل تیار کئے جاتے ہیں۔ وہ ان تیلوں کے مقابلہ میں جو ہندوستان میں پرانے طریقوں سے تیار کئے جائیں زیادہ عمدہ نفیس اور پُر اثر ہوتے ہیں۔ اس لئے ضرورت ہے۔ کہ تیل سازی کی قدیم ہندوستانی صنعت کو از سر نو فروغ دینے کے لئے۔ ہندوستانی صناع اور سرمایہ دار متوجہ ہوں کیونکہ اگر تیل سازی کا کام اچھے پیمانے اور جدید تجارتی لائنوں پر شروع کیا جائے۔ تو ہندوستانی تیلوں کے لئے یورپ اور امریکہ تک میں اچھی سے اچھی منڈیاں دستیاب ہو سکتی ہیں۔

اس سلسلہ میں ان چند خوشبودار پودوں کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ جن سے تجارتی تیل تیار کئے جاتے ہیں۔

اس قسم کے تیلوں میں سے ایک روسا کا تیل ہے۔ یہ ایک خاص قسم کی گھاس سے نکالا جاتا ہے۔ جو شمال مشرقی احاطہ بمبئی۔ مالوہ میرواڑہ۔ سنٹرل انڈیا اور صوبجات متوسط و برار میں بکثرت پیدا ہوتی ہے۔

دوسرا قابل ذکر لیمن گراس آئل ہے۔ یہ گھاس کوچین۔ ٹراونکو۔ مالابار اور نیلگری کی پہاڑیوں میں کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔ اسکو لیمو گھاس کہنے کی وجہ یہ ہے۔ کہ اس کی بُو اور ذائقہ لیموں کی طرح ہوتا ہے۔

تیسرا سٹرونیلا آئل ہے۔ اس کی طیاری زیادہ تر سیلون کے جنوبی صوبجات تک محدود ہے۔ یہ تیل ایک خاص قسم کی گھاس سے نکالا جاتا ہے۔ جو لنکا کے جنوبی صوبوں میں پائی جاتی ہے۔ لنکا والے اسے اندرو پوگون ناروس کہتے ہیں۔

چوتھا یوکلپٹس آئل ہے۔ جو نیلگری کی پہاڑیوں میں تیار کیا جاتا ہے۔ وہاں اس تیل کی صنعت اچھے وسیع پیمانہ پر ہے۔

پانچویں کافور کا تیل ہے۔ جو ہندوستان میں استعمال تو کافی مقدار میں ہوتا ہے۔ مگر اس کے درخت زیادہ تر وسطی چین۔ فارموسا اور جاپان میں پائے جاتے ہیں۔ ہندوستان کی سرزمین بھی اس کے درختوں کی کاشت کے لئے موزوں سمجھی جاتی ہے۔ لیکن مشکل یہ ہے۔ کہ کافور کے درخت ۵۰ سے ۱۰۰ برس کے بعد ہی کافور دے سکتے ہیں۔ اور اتنا طویل انتظار ہی جانے خود ایک ناقابل عبور دشواری ہے۔

چھٹے اجوائن کا عرق اور تیل بھی تمام ہندوستان میں استعمال کیا جاتا ہے۔ خصوصاً اجوائن کا عرق ہندوستانی گھروں میں بہت استعمال ہوتا ہے۔

ساتویں چمپا کا تیل ہے۔ جو تازہ بتازہ چمپا کے پھولوں سے نکالا جاتا ہے۔ اور اگر ذرا بھی دیر ہو جائے تو وہ پھول تیل نکالنے کے لائق نہیں رہتے۔

پتے مطلوب ہیں

مندرجہ ذیل احباب جن کے پہلے پتے درج ذیل ہیں انکے موجودہ پتے مطلوب ہیں۔ اگر یہ احباب اس اعلان کو دیکھیں تو خود ورنہ دوسرے احباب انکے صحیح ایڈریس سے مطلع فرمائیں۔ (۱) ڈاکٹر عمر الدین صاحب اسسٹنٹ سرجن انچارج منڈ کولہ ہسپتال ضلع گوڑ گانوں (۲) حیات محمد صاحب ایس۔ ڈی۔ او کھام گاؤں ضلع ہزارہ (۳) بابو صاحبدین صاحب کلرک $\frac{1}{10}$ راجپوت رجمنٹ فتح گڑھ چھاؤنی (۴) فیض احمد صاحب نمبردار $\frac{22}{E-B}$ ڈاکخانہ کمیر تحصیل پاکپتن (۵) عبدالغفور صاحب کمپونڈر روہٹ تنہائی ساؤتھ وزیرستان۔ (۶) بشیر احمد صاحب سی۔ سی کالج ساگر۔ سی۔ پی (۷) شیخ احمد علی صاحب اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر کوٹ نجیب اللہ (۸) شیخ ابراہیم یوسف صاحب مقام عقل کوا ضلع خاندیس۔ (۹) ایچ۔ ایچ رحمٰن غنی صاحب لیبر انسپکٹر۔ ایس۔ آر سی۔ ڈی گرڈی (۱۰) احمد دین صاحب پاہڑیانوالہ براستہ ڈنگہ ضلع گجرات

ناظر بیت المال

اگر آپ پریشانی سے بچنا چاہتے ہیں

تو

سٹریٹ ڈیلیوری سروس لاہور کی سرپرستی کیجئے

پریشانی کی کوئی ضرورت نہیں صرف دو آنہ میں آپ کا پارسل آپ کے دروازہ پر پہنچ جائے گا جنگی خانوں یا کسی اور دفتر کی کھڑکیوں کے سامنے انتظار کرنے کی ہرگز کوئی ضرورت نہیں رہتی۔

۸۱۷ کو فون کریں

نارتھ ویسٹرن ریلوے

لاہور میں سٹریٹ ڈیلیوری سروس یہ تمام خدمت صرف دو آنہ کے بدلہ میں بجالاتی ہے۔

براہین احمدیہ ہر چہار حصص

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی معرکۃ الآراء اور مقبول عام کتاب براہین احمدیہ ہر چہار حصص بک ڈپو نے دوستوں کے پیہم تقاضا پر زر کثیر صرف کرکے بڑے اہتمام سے چھپوانی شروع کی ہے۔ اس میں حضور علیہ السلام نے قرآن مجید کی افضلیت اس کا بے مثل ہونا۔ اسلام کی فضیلت اور الہام کی حقیقت پر سیر کن بحث کی ہے۔ اور ایسے عجیب اور لطیف دلائل رقم فرمائے ہیں۔ کہ مخالف سے مخالف بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ روپیہ کی قلت کی وجہ سے بہت تھوڑی تعداد میں چھپوائی جا رہی ہے۔ جن دوستوں کی درخواستیں یکم دسمبر تک دفتر بک ڈپو میں پہنچ جائیں گی ان سے رعائتی قیمت مجلد تین روپیہ آٹھ آنہ علاوہ محصولڈاک لی جاوے گی۔ لیکن جو تساہل سے کام لیں گے۔ اور وقت مقررہ کے بعد آرڈر دیں گے۔ ان سے اصل قیمت چار روپیہ علاوہ محصولڈاک لی جائے گی۔ کتابت اور طباعت کا نہایت عمدہ اہتمام کیا گیا ہے۔ سائز $\frac{20 \times 26}{8}$ ہے۔ کتاب بذریعہ وی۔ پی یا پیشگی قیمت آنے پر روانہ کی جائے گی۔

پہلے تین حصے چھپ چکے ہیں۔ جن کی قیمت ڈیڑھ روپیہ ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کا امتحان دینے والے احباب فوراً طلب فرمائیں نیز رسالہ یادگار جوبلی چھپ رہا ہے۔ احباب مطلع رہیں۔

نوٹ:۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ستر کتابوں کا سیٹ جس کی سابقہ قیمت پچاس روپیہ تھی اب صرف پچیس روپیہ میں خریدیں۔

مینیجر بک ڈپو تالیف و اشاعت قادیان

عبدالرحمٰن قادیانی پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس قادیان میں چھپوا کر دفتر الفضل قادیان سے شائع کیا۔ ایڈیٹر غلام نبی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مدینۃ المسیح

قادیان ۱۹ نبوت ۱۳۱۹ھش۔ سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے متعلق ساڑھے آٹھ بجے شب کی ڈاکٹری اطلاع مظہر ہے۔ کہ خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے حضور کی طبیعت اچھی ہے۔ الحمد للہ

حضرت ام المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت نزلہ اور کھانسی کی وجہ سے علیل ہے دعائے صحت کی جائے ؛

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کو بخار اور جوڑوں کے درد سے افاقہ ہے۔ البتہ دونوں کہنیوں اور ایک گھٹنے میں تکلیف ابھی باقی ہے۔ احباب حضرت ممدوح کی صحت کاملہ کے لئے دعا کریں ؛

حرم اول حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کو بخار کی شکایت ہے صحت کے لئے دعا کی جائے۔ حرم ثانی کی طبیعت بفضلہ تعالےٰ اچھی ہے۔

مولوی محمد حسین صاحب مبلغ پونچھ و جموں واپس آ گئے ہیں ؛

اخبار احمدیہ

درخواست ہائے دعا (۱) حافظ مبین الحق صاحب کچہری صدر امرت سر کی لڑکیاں امۃ المجید اور امۃ السلام بعارضہ ٹائیفائڈ بیمار ہیں (۲) شیخ نسیم اللہ صاحب پسر شیخ نعمت اللہ خان صاحب ایس۔ ڈی۔ او بیاس ایک عرصہ سے بیمار اور پٹیالہ میں زیر علاج ہیں (۳) چودھری غلام نبی صاحب لودھی ننگل کے والد صاحب بیمار ہیں دعائے صحت کی جائے ؛

اعلانات نکاح (۱) میرے لڑکے امام علی کا نکاح شریف بیگم بنت میاں جمال الدین صاحب سکنہ مونگ کے ساتھ مبلغ پچاس روپے حق مہر پر اور ضیاء الدین ابن میاں جمال الدین صاحب کا نکاح خاکسار کی لڑکی آمنہ بی بی کے ساتھ مبلغ پچاس روپے حق مہر پر مولوی صدرالدین صاحب مولوی فاضل نے پڑھا۔ احباب ان رشتوں کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کریں۔ خاکسار امام الدین کشمیری مونگ ضلع گجرات (۲) مولوی محمد مجید احمد صاحب مولوی فاضل متعلم جامعہ احمدیہ قادیان کا نکاح امۃ اللہ حکیم بنت میاں میراں بخش صاحب کے ساتھ بعوض مہر ۵۰۰ روپے حضرت مولوی سید محمد سرور شاہ صاحب نے پڑھا۔ خاکسار بشیر احمد منیر قادیان

ولادت (۱) برادرم محمد اکمل صاحب تاجر کے ہاں لڑکی تولد ہوئی ہے۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ نے امینہ بیگم نام تجویز فرمایا۔ خاکسار محمد افضل قادیان (۲) میرے ہاں ۱۲ نومبر کو لڑکی تولد ہوئی ہے۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ نے منیرہ بیگم نام تجویز فرمایا۔ مبارک احمد کارکن بیت المال (۳) ۲۵ اکتوبر میرے ہاں لڑکا تولد ہوا۔ حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ نے منور احمد نام تجویز فرمایا۔ احباب درازیٔ عمر اور خادم دین بننے کے لئے دعا فرمائیں۔ خاکسار محمد اسمٰعیل مدرس ازپدی پور

دعائے مغفرت (۱) بندہ کی والدہ ماجدہ کا ۲۹ رمضان المبارک کو انتقال ہو گیا انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔ خاکسار محمد عبد اللہ بی۔ اے جھنگ (۲) حمیدہ اختر بنت ڈاکٹر سراج الدین صاحب دہلی ۱۶ نومبر کو حرکت قلب بند ہو جانے سے بعمر ۱۹ سال وفات پا گئی انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کا اپریشن دہلی کے ارون ہسپتال میں کیا گیا تھا جو کامیاب رہا تھا۔ لیکن عمر نے وفا نہ کی۔ احباب دعائے مغفرت فرمائیں۔ خاکسار ظہور احمد قادیان

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی

اندرون ہند کے مندرجہ ذیل اصحاب ۱۵ ظہور ۱۳۱۹ھش سے ۵ تبوک تک حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالےٰ کے ہاتھ پر بیعت کر کے داخل احمدیت ہوئے ؛

نمبر شمار	نام	ضلع	نمبر شمار	نام	ضلع
۱۹۷۸	اللہ لوک صاحب	گورداسپور	۲۰۱۴	زینب بی بی صاحبہ	گجرات
۱۹۷۹	محمد بی بی صاحبہ	"	۲۰۱۵	محمد امین صاحب	ملتان
۱۹۸۰	نعمت بی بی صاحبہ	"	۲۰۱۶	برکت بی بی صاحبہ	سیالکوٹ
۱۹۸۱	سلیمان صاحب	"	۲۰۱۷	رابعہ بی بی صاحبہ	"
۱۹۸۲	یوسف صاحب	"	۲۰۱۸	شیر محمد صاحب	"
۱۹۸۳	لقمان صاحب	"	۲۰۱۹	ریشم بی بی صاحبہ	"
۱۹۸۴	نذیر احمد صاحب	"	۲۰۲۰	سرداراں بی بی صاحبہ	"
۱۹۸۵	نذیراں صاحبہ	"	۲۰۲۱ (الف)	چودھری حسن محمد صاحب	گورداسپور
۱۹۸۶	غلام فاطمہ صاحبہ	"	۲۰۲۱ (ب)	میاں محمد صدیق صاحب	"
۱۹۸۷	کنیز فاطمہ صاحبہ	"	۲۰۲۲	چودھری محمد اسمٰعیل صاحب	"
۱۹۸۸	مولوی نصیر الدین صاحب	ہیمن سنگھ	۲۰۲۳	" نذیر احمد صاحب	"
۱۹۸۹	محمد حفیظ صاحب	شیخوپورہ	۲۰۲۴	" سردار محمد صاحب	"
۱۹۹۰	غلام محمد صاحب	گورداسپور	۲۰۲۵	برکت بی بی صاحبہ	"
۱۹۹۱	صوفی محبوب الٰہی صاحب	بھیرہ	۲۰۲۶	غلام رسول صاحب	"
۱۹۹۲	شیخ بشیر احمد صاحب	پوری	۲۰۲۷	حیدر علی صاحب	"
۱۹۹۳	عبد الستار صاحب	گورداسپور	۲۰۲۸	خورشید بی بی صاحبہ	"
۱۹۹۴	اللہ رکھی صاحبہ	"	۲۰۲۹	غلام بی بی صاحبہ	"
۱۹۹۵	نواب بی بی صاحبہ	"	۲۰۳۰	کرم بی بی صاحبہ	"
۱۹۹۶	قدرت اللہ صاحب نمبردار	"	۲۰۳۱	محمد بی بی صاحبہ	"
۱۹۹۷	خیر النساء صاحبہ	"	۲۰۳۲	حنیفہ بی بی صاحبہ	"
۱۹۹۸	عظیم النساء صاحبہ	"	۲۰۳۳	اللہ دتا صاحب	"
۱۹۹۹	محمد اسلم صاحب	"	۲۰۳۴	غلام بی بی صاحبہ	"
۲۰۰۰	محمد طفیل صاحب	"	۲۰۳۵	عائشہ بی بی صاحبہ	"
۲۰۰۱	محمد انور صاحب	"	۲۰۳۶	عبد الواحد صاحب	"
۲۰۰۲	محمد رفیق صاحب	"	۲۰۳۷	عبد المجید صاحب	"
۲۰۰۳	محمد افضل صاحب	"	۲۰۳۸	چودھری ابراہیم صاحب	"
۲۰۰۴	نذیر بیگم صاحبہ	"	۲۰۳۹	نذیر احمد صاحب	"
۲۰۰۵	حمیدہ بیگم صاحبہ	"	۲۰۴۰	بشیر احمد صاحب	"
۲۰۰۶	سائرہ بیگم صاحبہ	"	۲۰۴۱	شریف احمد صاحب	"
۲۰۰۷	ہاجرہ بیگم صاحبہ	"	۲۰۴۲	حسن بی بی صاحبہ	"
۲۰۰۸	مہر علم الدین صاحب	"	۲۰۴۳	صادق علی صاحب	"
۲۰۰۹	زینب بی بی صاحبہ	"	۲۰۴۴	بھاگو صاحبہ	"
۲۰۱۰	محمد علی صاحب	"	۲۰۴۵	نواب دین صاحب	"
۲۰۱۱	مبارک علی صاحب	"	۲۰۴۶	محمد شفیع صاحب	"
۲۰۱۲	سرداراں صاحبہ	"	۲۰۴۷	گوناں صاحب	"
۲۰۱۳	بھاگ بھری صاحبہ	گجرات	۲۰۴۸	حمیدہ بیگم صاحبہ	"

(باقی)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فلسفۂ مسائل حج

ایام تشریق اور قربانی کی حقیقت اور حکمت

لن ینال اللہ لحومہا ولا دماؤھا ولکن ینالہ التقوی منکم کذالک سخرھا لکم لتکبروا اللہ علی ما ھدٰکم وبشر المحسنین (حج)

(۱)

ایام تشریق ۱۱-۱۲-۱۳- ذی الحجہ کی تاریخیں ہیں۔ اور حج کے موقعہ پر قربانی کے لئے ۱۰-۱۱-۱۲ ذی الحجہ کی تاریخیں مقرر ہیں۔ امام شافعی کے نزدیک ۱۳- ذی الحجہ تک بھی قربانی کرنا جائز ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث کہ قربانی یوم نحر کے بعد دو دن یعنی ۱۱-۱۲ تک ہے۔ عمل اسی حدیث پر عام طور پر کیا جاتا ہے۔ صحیح مسلم اور مسند امام احمد وغیرہ میں یہ حدیث مذکور ہے۔ تشریق کے معنے ہیں گوشت کا سورج کی دھوپ میں پھیلا کر رکھنا کہ وہ خشک ہو جائے۔ اور متعفن اور بدبودار ہونے سے محفوظ رہے۔ چنانچہ مجمع بحار الانوار میں لکھا ہے۔ ایام التشریق من تشریق اللحم وھو تقدیدہ وبسطہ فی الشمس لیجف لان لحوم الاضاحی کانت تشرق فیھا بمنی۔ یعنی ایام کی اضافت تشریق کی طرف تشریق اللحم کے معنوں میں ہے۔ اور تشریق اللحم گوشت کو کاٹ کاٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے دھوپ میں خشک کرنے کی غرض سے پھیلا کر رکھنا ہے۔ اور یہ قربانیوں کے گوشت ہیں۔ جو منیٰ میں دھوپ کے ذریعے خشک کئے جاتے ہیں اور یہ اس لئے کہ ان دنوں گوشت کی فراوانی اس قدر ہو جاتی ہے۔ کہ گوشت کو سورج کی دھوپ میں خشک کرنا ضروری ہوتا ہے۔ تا بعد میں بھی کام آ سکے۔ اور متعفن ہو کر خراب نہ ہو۔

(۲)

تشریق کے معنے مشرق کی طرف جانے اور منہ کرنے کے بھی ہیں۔ اور اس لحاظ سے اس میں گویا اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے۔ کہ مسلمان اپنے جانوروں کی قربانیوں سے اس حقیقت کے سمجھنے کے بعد کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان ہونے اور فدا ہونے کے لئے یہی نمونہ اختیار کرنا چاہیئے۔ جو جانوروں نے ہمارے سامنے قربانی کے وقت دکھایا۔ سو یہ وہ معرفت کا مقام اور عارفانہ بصیرت کی حالت ہے۔ جس میں ایک حقیقت شناس مومن اپنے ظلماتی حجابوں سے جو رات کی تاریکی کے مشابہ ہوتے ہیں۔ نکل کر خدا تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ اور اس آفتاب الوہیت کے سامنے جو اللہ نور السمٰوات والارض کی اشراقی شان کے ساتھ مشرق ہی مشرق ہے۔ ایام تشریق کی قربانیوں کے اندر اپنی قربانیوں کو پیش کرتا ہے اور تشریق کی یہ حقیقت عارف انسان کے لئے مرتبۂ اشراق پر دلالت کرتی ہے جس سے انسان ظلمانیوں سے نکل کر نورانیوں میں داخل ہو جاتا ہے

(۳)

حج کے موقعہ پر جانوروں کی قربانیاں مثالی زبان کے لحاظ سے حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل اور حضرت ہاجرہ علیہم السلام کی قربانیوں کی یادگار کے طور پر ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ قربانیوں کے ادا کرنے کے بعد حسب ارشاد فاذا قضیتم مناسککم فاذکروا اللہ کذکرکم اٰباءکم او اشد ذکرا اس بات کا حکم ہے۔ کہ قربانی کرنے والے لوگ اپنی قربانی کے متعلق بطور یاد صرف حضرت ابراہیم اور اسماعیل اور حضرت ہاجرہ جو آباء ہیں ان کا ہی ذکر نہ کریں۔ کہ انہوں نے ایسی ایسی قربانی کا نمونہ پیش کیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کا ذکر بھی ان کے ذکر کی طرح کرنا چاہیئے۔ جس کے لئے اور جس کی رضا اور خوشنودی کی خاطر حضرت ابراہیم۔ حضرت اسمٰعیل اور حضرت ہاجرہ نے قربانی کا نمونہ دکھایا۔ بلکہ قربانی کرنے والے آباء سے بھی بڑھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا ازبس ضروری ہے۔ کیونکہ قربانی کرنے والوں کے بالمقابل وہ ہستی بہت بڑھ کر عظمت وشان والی ہے جس کے لئے قربانی اور جس کی رضا کے واسطے قربانی پیش کی گئی۔ جیسا کہ نقرہ فاذکروا اللہ کذکرکم اٰباءکم او اشد ذکرا۔ اس مفہوم کو ظاہر کر رہا ہے۔ اور آباء کرام یعنی حضرت ابراہیم۔ حضرت اسمٰعیل۔ حضرت ہاجرہ علیہم السلام کی قربانیوں کا ذکر کرنا بھی بطور بے معنے فسانہ اور لغو قصہ کے نہیں ہے۔ بلکہ اس کی غرض بطور حث وتحضیض کے ہے۔ کہ تا لوگوں کو ان پاک نمونوں پر چلایا جائے۔ جو قربانی کی صورت میں ان کے آباء سے ظاہر ہوئے تا ابراہیمی خلعت کا خلعت مظہریت کے طور پر انہیں بھی ملے۔ جیسے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور پھر آج اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود کو عطا کیا گیا۔ مطلب یہ کہ تمام اسلامیوں کے باپ حضرت ابراہیم خلیل کے نمونہ پر ہیں۔ اور تمام مائیں حضرت ہاجرہ کے نمونہ پر ہوں۔ اور تمام بیٹے حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ کے نقش قدم پر اپنی قربانی کا نمونہ پیش کرنے والے ہوں ؎

(۴)

حج کے موقعہ پر جن جانوروں کی قربانی کی جاتی ہے۔ وہ تعبیری زبان میں مختلف حیثیت کے مومن انسان ہیں۔ جو مختلف نبیوں کی امت کے قربانی کرنے والے لوگ تھے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی امت میں ان سب کے نمونے پائے جاتے ہیں۔ قربانی جن جانوروں کی کی جاتی ہے۔ وہ اونٹ گائے دنبے بھیڑ بکری ہیں۔ اونٹوں کی قربانی سے صالح نبی کی امت کی قربانیاں مراد ہیں۔ گائیوں کی قربانی سے موسوی امت کی قربانیاں۔ دنبوں کی قربانی سے داؤد نبی کے وقت کی قربانیاں۔ بھیڑ بکریوں کی قربانی سے حضرت مسیح کی جماعت کی قربانیاں ؎

حضرت مسیح محمدی کی جماعت کو بھی حسب وحیٔ الہٰی رہا گوسفندان عالی جناب۔ اور شاتان تذبحان بھیڑیں اور بکریاں قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ کابل کی سرزمین میں حضرت سید عبد اللطیف صاحب شہید اور عبد الرحمٰن خان صاحب شہید اور ایسے ہی بعد میں شہید ہونے والے احمدی جماعت کے افراد اسی طرح سے ظلم سے شہید کئے گئے۔ جس طرح کہ حضرت خبیب اور یاسر اور اس کی بیوی سمیہ وغیرہ شہید کئے گئے۔ اور جنگِ احد میں شہید ہونے والوں کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خواب میں ذبح ہونے والی گائیوں کی شکل میں دیکھا۔

(۵)

آیت نبئھم عن ضیف ابراھیم سے ظاہر ہے۔ کہ حضرت ابراہیمؑ مہمان نوازی کی عادات رکھتے تھے۔ ابتدا میں جب لوگ حضرت ابراہیم کے وقت حج کے لئے جاتے۔ آپ آنے والوں کی ضیافت اور مہمان نوازی کا انتظام فرماتے۔ لیکن جب بعد میں کثیر التعداد لوگ لاکھوں کی تعداد میں جمع ہونے لگے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانۂ حیات بھی منقضی ہوا تو بعد میں ہزاروں قربانی کے جانور جو نذر اور صدقات کے طور پر حج پر لیجائے جاتے ہیں۔ لاکھوں ہزاروں انسانوں کی خوراک اور غذا کا سامان پیش کرتے رہتے ہیں اور زائرین کعبہ کا ابتدائی نقشہ آج ہمارے سالانہ جلسہ پر قادیان کے متبرک اور مقدس مقام میں ظاہر ہے۔ سیدنا حضرت مسیح محمدی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بروز اتم اور مظہر اکمل ہیں مہمان نوازی میں ابراہیم ثانی ہیں۔ جس کا نمونہ آپ کے لنگر خانہ کے قیام اور ایک لمبے زمانہ کے قیام سے ہر روز سینکڑوں ہزاروں مہمانوں کی روزی کا متکفل ہونے سے حقیقت بے نقاب ہے۔ اس سالانہ جلسہ پر جبکہ چاروں اطراف سے زائرین اس اجتماع عظیم کی تقریب پر جمع ہوتے ہیں سب کی مہمانی کا انتظام اسی لنگر سے کیا جاتا ہے۔ اور مہمانوں کو اس طرح سے کھانے اور خوراک کے فکر سے آزاد کیا جاتا ہے۔ تا خدا کی آواز پر جمع ہونے والے خدا کی باتیں فراغت سے سن سکیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تا خدا کی آواز پر جمع ہونے والے خدا کی باتیں فراغت سے سن سکیں۔ ممکن ہے کہ ایک زمانہ کے بعد جب ہجوم خلق لاکھوں کروڑوں کی تعداد تک پہنچ جائے تو پھر یہ انتظام کسی اور صورت میں تبدیل ہو جائے۔ لیکن اگر سلسلہ کے بادشاہ اور حکومتیں جو سیدنا حضرت مسیح محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیشگوئی کے مطابق سلسلہ کی صداقت کو فخر کے ساتھ قبول کرنے والی ہیں۔ اپنی عالی ہمتی سے اس نظام کو ایک وسیع انتظام کے ماتحت جو حکومتوں کے لئے ممکنات سے ہے قائم اور برقرار بھی رکھ سکتی ہیں۔ لیکن افسوس ہے کہ کعبہ کے زائرین کے لئے وہ حکومتیں اور شاہانِ اسلام جو خادم حرمین کہلاتے ہیں باوجود شاہانہ اقتدار کے وہ اس سعادت سے جو خدمات حرمین کے ذریعہ انہیں حاصل ہو سکتی تھی۔ وہ اس طرح سے فیضیاب ہونے سے قاصر ہو رہے ہیں۔ جو ان کے لئے زیادہ سے زیادہ میسر ہو سکتی تھی۔ لیکن خدائے علیم چونکہ جانتا تھا۔ کہ ایک زمانہ کے بعد یہ انتظام نہ ہو سکے گا۔ اس لئے اس نے قربانی کے جانور نذر کے طور پر ساتھ لے جانے کے لئے مقرر فرمائے تا ان سے علاوہ حجاج کے دوسرے غرباء اور فقرا اور مساکین بھی فائدہ اٹھا سکیں۔ پس ایام تشریق منیٰ کے مقام پر جانوروں کی قربانیاں انہی معنوں میں ہیں۔ اور گوشت کی فراوانی پر ان کو دھوپ میں خشک کر لینا کہ تا رطوبت سے جو تعفن اور جرمز گوشت میں پیدا ہو سکتے ہیں۔ ان سے گوشت محفوظ رہے۔ اور لوگوں کو عند الضرورت پھر کام آ سکے۔ بعض تعجب یا تحیر ظاہر کرتے ہوئے کہہ دیتے ہیں کہ جانوروں کی اتنی بافراط قربانیاں اور گوشت کی فراوانیاں کیوں عمل میں لائی جاتی ہیں لیکن ان کو وقتی ضرورتوں اور مقامی حالتوں سے واقفیت نہیں واقفیت ہونے پر وہ انتظام

کے لئے لاکھوں انسانوں کی غذا کے متعلق وہی تجویز کریں۔ جو مکہ اور حجاز کی غیر زرعی کے مناسب حال وقوع پذیر ہو رہا ہے۔ اور چونکہ ایسے مہمان جو کعبہ یعنی بیت اللہ کی زیارت کے لئے حج اور عمرہ کی خاطر جاتے ہیں۔ یہ اللہ تعالےٰ کے مہمان ہوتے ہیں۔ اور خدا کے مہمانوں کی خدمت کرنا اور ان پر مال صرف کرنا اور انہیں کھلانا محض خدا ہی کے لئے ہو سکتا ہے۔ اس لئے خدا تعالےٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعہ کے بعد جو چار پرندوں کے پکڑنے اور پھر انہیں چار پہاڑوں پر رکھنے کا حکم دیا گیا۔ اور ان سے مراد چاروں اطراف کے مہمان بھی ہو سکتے ہیں۔ جو صفا مروہ اور منا اور جبل عرفات اور مشعر الحرام کے مقامات مقدسہ اور پہاڑی مقامات میں حج کے موقعہ پر بحالت احرام سعی طواف اور وقوف کی صورت میں حرکت و سکون اختیار کرتے ہیں۔ جہاں حضرت ابراہیم کا یہ واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد معاً مثل الذین ینفقون اموالھم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل فی کل سنبلۃ مأۃ حبۃ کی آیت سے دوسرا رکوع شروع ہوتا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے مہمانوں کو کھلانے والوں اور حج اور عمرہ کے لئے کعبۃ اللہ کی زیارت پر جانے والوں کا جو خرچ ہوتا ہے۔ وہ چونکہ محض خدا کے لئے ہوتا ہے۔ اس لئے ان کے اس مال کے صرف کرنے کی جزا کے متعلق بتایا۔ کہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے والوں کو ایک ایک پیسہ اور ایک ایک پائی کا حساب ہی نہیں ملے گا۔ بلکہ ایک ایک دانے کا حساب اور اس کی جزا میں بطور بدلہ سات سو دانے دیئے جائیں گے۔ اور اگرچہ عام نیکیوں کے متعلق من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالھا کے قانون کے

ماتحت ایک نیکی کے لئے دس گن ثواب اور اجر زیادہ ملتا ہے۔ لیکن اعلائے کلمۃ اللہ اور اسلام کی شان بلند کرنے کے لئے مال کا خرچ کرنا بہت ہی بڑے ثواب اور اجر کا ذریعہ ہے۔ جیسے

کہ آج تحریک جدید کے چندوں کا سلسلہ اسی مقصد کے لئے مخصوص ہے۔ مبارک وہ جو اس سعادت ابدی اور برکات دائمی سے فائدہ اٹھانے کی ہمت دکھا سکیں۔

خاکسار ابوالبرکات غلام رسول راجیکی

پسر موعود اور تذکرۃ المہدی

